وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی ہدایت پر آن لائن پروٹیکٹر اسٹیمپ کا آغاز

بیوروآف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے یہ سہولت ائرپورٹس پر بھی فراہم کردی ہے

رواں سال کے دوران 14,339 بیرون ملک سفر کرنے والے پاکستانی اس سہولت سے استفادہ کر چکے ہیں

اسلام آباد(   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے بیرون ملک ملازمت یا تعلیم کے لئے سفر کرنے والے پاکستانیوں کے پاسپورٹ پر پروٹیکٹر اسٹیمپ لگانے کا ایک دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا ہے اور بیوروآف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے آن لائن بھی پروٹیکٹر اسٹیمپ لگانے کی سہولت فراہم کردی ہے۔ رواں سال کے دوران اب تک 14,339 بیرون ملک سفر کرنے والے پاکستانی اس سہولت سے استفادہ کر چکے ہیں۔ واضح رہے کہ مڈل ایسٹ اور دیگر ممالک میں روزگار کے لئے جانے والوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے پاسپورٹ پر پروٹیکٹر اسٹیمپ لگوائیں بصورت دیگر انہیں بیرون ملک سفر کی اجازت نہیں دی جاتی اور انہیں ائرپورٹ سے واپس بھیج دیا جاتا تھا جس سے ان کی بیرون ملک ملازمت کے ساتھ ساتھ ٹکٹ کی رقم بھی ضائع ہو جاتی تھی۔ اب وفاقی محتسب کی مداخلت اور وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں کے دوروں کے سبب بیوروآف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے آن لائن بھی پروٹیکٹر اسٹیمپ لگانے کی سہولت فراہم کردی ہے۔ علاوہ ازیں وفاقی محتسب کی ہدایت پر پاکستان میں تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر بھی چوبیس گھنٹے یہ سہولت میسر ہے تاکہ اگر کوئی شہری لاعلمی کی بنیاد پر پروٹیکٹر اسٹیمپ نہ لگوا پائے تو ائرپورٹ پر ہی اس کی یہ مشکل حل کردی جائے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

19 اکتوبر 2024ء